Directorate of Education, GNCT of Delhi

Practice Question Paper (2022-23)

Board Examination

Subject:Urdu-B(303)

Class:X

Time: 3Hrs. M.M: 80

Section-A حصّہ الف

1 درج ذیل دونوں درسی اقتباسات (نثری اور شعری) کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے جواب لکھیے. (1x10=10)

(الف)

تخت نشین ہونے پر رضیہ نے عہد کیا کہ میں عوام کی بھلائی اور سلطنت کی ترقی کے لیے کام کروں گی۔ میں اس وقت تک چین سے نہیں بیٹھوں گی جب تک یہ ثابت نہ کر دوں کہ میں مردوں سے کم نہیں۔" رضیہ نے تخت نشینی کے بعد نہایت بہادری سے مشکلوں کا ڈٹ کر مقابلہ کیا۔ وہ فوج کی کمان خود سنبھالتی تھی۔ اس نے بادشاہوں کی طرح قبا" اور "کلاہ" پہنی۔ اپنے نام کے سکے جاری کیے۔ سلطنت میں امن قائم کیا، انتظام کو بہتر بنایا اور عوام کی خوش حالی کا ہر طرح سے خیال رکھا۔ تجارت کو فروغ دیا، سڑکیں بنوائیں، درخت لگوائے اور کنویں کھدوائے۔ اس نے مدرسے اور سرکاری کتب خانے بھی قائم کیے۔ رضیہ سلطان کو خود بھی پڑھنے لکھنے کا شوق تھا۔ وہ اچھی گھوڑ سوار تھی۔ اور اسے جنگی اسلحوں کے استعمال کا ہنر بھی آتا تھا۔ اس کی حکومت بنگال سے سندھ تک پھیلی ہوئی تھی۔

i درج ذیل اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

ii تخت نشین ہونے کے بعد رضیہ نے کیا عہد کیا ؟

iii رضیہ نے بادشاہوں کی طرح کیا پہنا؟

iv عوام کی خوشحالی کے لئے رضیہ نے کیا کیا کام کیے؟

v رضیہ کی حکومت کہاں سے کہاں تک پھیلی ہوئی تھی؟

ب

خون اپنا ہو یا پرایا ہو

نسل آدم کا خون ہے آخر

جنگ مشرک میں ہو کہ مغرب میں

امن عالم کا خون ہے آخر

بم گھروں پر گریں کہ سرحد پر

روح تعمیر زخم کھاتی ہے

کھیت اپنے جلیں کہ غیروں کے

زیست فاقوں سے تلملاتی ہے

ٹینک آگے بڑھیں کہ پیچھے ہٹیں

کوکھ دھرتی کی بانجھ ہوتی ہے

فتح کا جشن ہو کہ ہار کا سوگ

زندگی میّتوں پہ روتی ہے

i درج بالا شعری حصّہ شاعری کی کس صنف سے لیا گیا ہے ؟

ii روح تعمیر کے زخم کھانے سے کیا مراد ہے ؟

iii نسل آدم کے کیا معانی ہے ؟

iv دھرتی کی کوکھ بانجھ ہونے سے کیا مطلب ہے ؟

v لفظ فتح کا متضاد بتایئے ؟

2درج ذیل دونوں غیر درسی اقتباسات (نثری اور شعری) کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے جواب لکھیے.(1x10=10)

(الف)

اے اہل وطن ! جان وطن بن کے دکھادو

تم خاک کے ذروں کو بھی انسان بنادو

انسان وہ ہے علم کی جس میں ہو تجلی

حیواں کو کبھی علم ملا ہو تو بتادو

ان پڑھ کوئی مل جائے تو اس کو بھی پڑھادو

خود بھی پڑھو بننے کے لیے عالم و کامل

ہو علم تو پھر کیا نہیں امکاں ہیں تمہارے

تم چاہو تو جنگل کو بھی گلزار بنادو

کانٹوں کے جہالت کو الگ کاٹ کے پھینکو

تم علم کے پھولوں سے نیا باغ کھلادو

i شاعر نے کس کے کانٹوں کو کاٹ کر پھینکنے کی بات کی ہے؟

ii لفظ تجلی کے معانی بتایئے؟

iii کس کے ذریعے جنگل کو بھی گلزار بنایا جاسکتا ہے؟

iv اگر کوئی ان پڑھ جاہل جائے تو شاعر کے مطابق ہمیں کیا کرنا چاہیے؟

v۔ شاعر نے علم کی تجلی کس کے لیے ضروری قرار دیا ہے؟

ب

ساہا 6 اکتوبر 1893ء کو سیورا تالی ضلع ڈھاکا میں پیدا ہوئے جو اب بنگلہ دیش میں ہے۔ ان کے والد کی ایک معمولی سی پرچون کی دکان تھی جس سے گھر کا خرچ مشکل سے نکلتا تھا۔ اس لیے وہ چاہتے تھے کہ ان کا پانچواں بچہ میگھ ناد بچپن سے ہی گھر کے لیے کچھ کمانا شروع کر دے۔ لیکن میگھ ناد کے استادوں نے اصرار کیا کہ وہ میگھ ناد کو تعلیم ضرور دلائیں کیونکہ وہ بہت ہونہار اور ذہین طالب علم تھے۔ آخر گاؤں سے گیارہ میل دور ایک بورڈنگ اسکول میں انھیں داخل کرا دیا گیا۔

کالج کی تعلیم مکمل کرنے کے بعد ساہا کلکتہ یونیورسٹی کے سائنس کالج میں فزکس کے لکچرر ہو گئے۔ یہاں انھوں نے فزکس کے موضوعات پر بہت سی کتابیں پڑھیں اور انھیں اچھی طرح پڑھایا بھی۔ پڑھانے کے لیے اپنے لیکچر نوٹس تیار کرتے ہوئے ان کے سامنے 'ایسٹروفزکس' کا ایک مسئلہ آیا۔ اسی مسئلے کو حل کرنے کی وجہ سے وہ دنیا بھر میں مشہور ہو گئے۔ ''ایسٹروفزکس،'' ستاروں کی نوعیت، ان کی گرمی، ان کی اندرونی بناوٹ اور کن کن چیزوں سے مل کر وہ بنے ہیں وغیرہ کا مطالعہ کرتی ہے۔

i ساہا کی پیدائش کہاں ہوئی؟

ii ساہا کے والد کیا کام کرتے تھے؟

iii ساہا کے استادوں نے ان کے والد سے کس بات کے لئے اصرار کیا؟

iv فزکس کے لیکچر نوٹس تیار کرتے وقت ساہا کے سامنے کون سا مسئلہ پیش آیا؟

v اسٹروفزکس میں کس چیز کا مطالہ کیا جاتا ہے؟

Section-B حصّہ ب

3 صحت اور کھل کود کے عنوان سے ایک مضمون تحریر کریں۔ (1x10=10)

4 اپنے اسکول کے پرنسپل کے نام بھائی کی شادی میں شرکت کے لیے تین دن چھٹی کی درخواست لکھیے۔ (1x5=5)

5- سید احتشام حسین کے حالات زندگی پر ایک نوٹ لکھیے۔ (1x5=5)

یا

انٹرنٹ کی اہمیت پر روشنی ڈالیے۔

6ساحرلدھیانوی کے حالات زندگی پر روشنی ڈالیے۔ (1x5=5)

یا

غالب کی شاعری پر اختصار کے ساتھ روشنی ڈالیے۔

حصّہ ج(Section C)

7درج ذیل سوالوں کے متبادل جوابات میں سے درست جواب تلاش کر کے لکھیے۔

(i)کسی خاص شخص، خاص جگہ اور خاص چیز کے نام کو کیا کہتے ہیں؟ (8x2=16)

(A)اسم معرفہ

(B)ضمیر

©اسم نکرہ

(D)متضاد

(ii)جوتی کا جمع بتایئے۔

(A)جوتوں

(B)جوتیاں

©جوطیوں

(D) جوتا

(iii)احسانات کا واحد بتایئے؟

(A)احسانوں

(B)احسن

©آہسان

(D)احسان

(iv)دشمن کا متضاد بتایئے۔

(A)ذلّت

(B)دوست

©عزت

(D) مخالف

(v)لفظ آرام کا مترادف بتایئے۔

(A)عیش

(B)تکلف

©فتح

(D)صلح

(vi)وہ کام جو موجودہ وقت میں ہو اسے کیا کہتے ہے؟

(A)فعل حال

(B)فعل مستقبل

©فعل ماضی

(D)فعل ناقص

(vii)ذیل کے کس لفظ میں لاحقہ کا استعمال ہوا ہے؟

(A) خوشگوار

(B)بدزبان

©بدقسمت

(D)ضرورت مند

(viii)جس جملے کے آخر میں ؟نشان ہو اس کو کیا کہتے ہیں؟

(A)سکتہ

(B)فجایہ

©سوالیہ

(D)ختمہ

حصّہ د(Section D)

8 مندرجہ ذیل محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ (4x1=4)

ٹس سے مس نہ ہونا

ایک ہی تھیلی کے چٹے بٹے ہونا

بھیس بدلنا

کھوپڑی میں نہ سمانا

9(i) ہندوستان کی قبائلی نسلوں کے نام کیا ہیں؟ (2)

iiآگ جلا سکنے کے بعد انسانی زندگی میں کیا تبدیلی ہوئی؟ (2)

(iii)خدا کے نام خط کا خلاصہ لکھیے؟ (2)

10(i)سعادت علی کیسا آدمی تھا؟ (1)

(iiڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر کہاں پیدا ہوئے؟ (1)

11(i)اردو کہاں پیدا ہوئی اور یہ کس زبان سے نکلی ہے؟ (2)

(ii)کوئی پہاڑ یہ کہتا تھا اک گلہری سے..... مصرع مکمل کیجئے۔ (2)

12(i)'قدم بڑھاؤ دوستو' نظم کے شاعر کا نام بتایئے؟ (1)

(ii)کوئی امید بر نہیں آتی (1)

کوئی صورت نظر نہیں آتی

یہ شعر کس کی غزل سے لیا گیا ہے؟

(iii)ناز کی اس کے لب کی کیا کہیے (1)

پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

اس شعر میں کون سی صنعت ہے؟